# India’s rapid response team to Kuwait for combating COVID-19

April 11, 2020

------------------------------------------------------------------------------------------------

## کووڈ 19 کا مقابلہ کرنے کے لئے بھارت کی ریپڈ رسپانس ٹیم کی کویت روانگی

11 اپریل، 2020

ہندوستانی ڈاکٹروں اور حفظان صحت سے جڑے پروفیشنلز پر مشتمل 15 افراد کی ایک ٹیم عالمی کووڈ 19 وبائی مرض کے خلاف اجتماعی جنگ میں حکومت کویت کی کوششوں کی تکمیل کے لئے آج کویت پہنچ گئی۔ توقع کی جارہی ہے کہ یہ میڈیکل ٹیم دو ہفتوں کے لئے کویت میں قیام کرے گی جس کے دوران وہ متاثرہ افراد کی جانچ اور ان کے علاج معالجے اور کویت کے اہلکاروں کو تربیت دینے میں طبی امداد فراہم کرے گی۔ اس ریپڈ رسپانس ٹیم کو حکومت کویت کی درخواست پر تعینات کیا گیا ہے۔

ہندوستانی طبی ماہرین کی تعیناتی ہندوستانی وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور کویت کے وزیر اعظم عزت مآب شیخ صباح الخالد الحمد الصباح کے مابین حالیہ فون پر بات چیت کے بعد عمل میں آیا، جس میں دونوں رہنماؤں نے عالمی وبائی مرض کے خلاف مربوط اور ٹھوس کوشش اپنانے پر اتفاق کیا۔ بعد میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر اور کویت کے ان کے ہم منصب نے کویت کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کرنے اور اس مشکل وقت میں تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے طریقوں کی تلاش کے لئے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

تاریخی، ثقافتی، معاشی اور عوام سے عوام کے رابطوں پر مبنی ہندوستان اور کویت کے درمیان مضبوط شراکت داری ہے۔ کویت میں رہنے والے ہندوستانی باہر کے مقیم آبادی کا سب سے بڑا حصہ ہیں، جن کی تعداد ایک اندازے کے مطابق لگ بھگ دس لاکھ ہے۔ اس وبا سے مؤثر طریقے سے لڑنے کے لئے کویت کی کوششوں کی مزید تکمیل کے لئے ہندوستان بڑھتے ہوئے پڑوس کی پالیسی کے تحت کویت کو مدد فراہم کر رہا ہے۔

**نئی دہلی**

**11 اپریل، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.